حکومتِ گلگت۔بلتستان

گلگت-بلتستان سیکریٹریٹ

محکمہ سروسز و جنرل ایڈمنسٹریشن و کابینہ

# نوٹس نیلام عام

بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حکومتِ گلگت۔بلتستان کی مندرجہ ذیل ناکارہ گاڑیوں کو جیسے ہیں جہاں ہیں کی بنیاد پر نیلام کیا جارہا ہے ان گاڑیوں کی نیلامی گلگت بلتستان سٹاف کار رولز 2021 محکمہ ہذاء کی طرف سے نامزد کردہ کمیٹی کی سربراہی میں ہوگی۔خواہشمند پارٹیاں / افراد گاڑیوں کی نیلامی میں شرکت کے لئے مورخہ 14 جون 2025 کو نئی سیکریٹریٹ بلڈنگ جوٹیال گلگت میں اسی دن گیارہ بج کر تیس منٹ پر حاضر ہوسکتے ہیں۔

| S.No. | Reg. No. | Chassis No. | Type of vehicle | Location |
|---|---|---|---|---|
| 1 | GLT-1559 | Nil | Suzuki | New Secretariat Building Jutial Gilgit |
| 2 | Nil | SB308PK880284 | Mehran Car | -do- |
| 3 | X-68-1382 | BJ45-000742 | Toyota Jeep | -do- |
| 4 | Nil | NFBES85A55R132295 | Honda Civic | -do- |
| 5 | Nil | PZJ75-0001028 | Pickup | -do- |
| 6 | BLN-1153 | 752106 | Potohar | -do- |
| 7 | DMR-75 | 342083 | Willis Jeep | -do- |
| 8 | GLT-A-399 | 306300 | Potohar | -do- |
| 9 | GLT-A-2271 | 309469 | Potohar | -do- |
| 10 | GLT-50 | 342073 | Willis Jeep | -do- |
| 11 | Nil | NZE-120-6001582 | XLI Car | -do- |
| 12 | GLTA-857 | 307173 | Potohar | -do- |
| 13 | GLT-8633 | 303824 | Suzuki Jeep | -do- |
| 14 | DMR-766 | | Potohar | -do- |
| 15 | GLT B-293 | 306916 | Suzuki Jeep | -do- |
| 16 | GLT B-1632 | 306909 | Suzuki Jeep | -do- |
| 17 | GLT-C-140 | L501S-7578087 | Alto Car | -do- |
| 18 | GLT-A-5614 | Nil | Jeep | -do- |
| 19 | BLN-2096 | 25A0030599 | Ambulance Van | -do- |
| 20 | GLT-53 | FJ40-xxxx | Jeep CJ 7 | Forest Complex Jutial Gilgit |
| 21 | BLN A-1384 | 15060 | Suzuki Van | DC Office Skardu |
| 22 | Karachi F-4321 | 33156 | Potohar | -do- |
| 23 | BLN 1207 | 301447 | Suzuki Jeep | -do- |
| 24 | BLN C 32 | WJGE24020929 | Nissan Van | -do- |
| 25 | X-67-3481 | Nil | Volkswagen Ambulance | -do- |
| 26 | X-67-2982 | E908408 | CJ5 Jeep | -do- |

**نیلامی میں شرکت کے خواہشمند پارٹیاں / افراد کو مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اترنا لازمی ہوگا:**

1۔ نیلامی میں شرکت کے لئے مبلغ 15000 روپے پے آرڈر یا ڈیمانڈ ڈرافٹ کی شکل میں بمع شناختی کارڈ کی کاپی ٹوکن منی کے طور پر ڈی ڈی او جی اے ڈی کے نام پر جمع کرانا ہوگا۔ بصورتِ دیگر نیلامی میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ کو متعلقہ گاڑی کے عوض 25 فیصد رقم کیش کی شکل میں موقع پر جمع کرانا ہوگا بصورت دیگر کامیاب بولی دہندہ کی بولی مسترد کی جائے گی اور ٹوکن منی کو بحق سرکار ضبط کیا جائے گا اور گاڑی کو دوبارہ نیلامی کے لئے پیش کیا جائے گا۔

3۔ کمیٹی کی منظوری کے بعد کامیاب بولی دہندہ کو بقایا رقم دس دنوں کے اندر اندر جمع کرانا ہوگا۔ بصورتِ دیگر پندرہ دنوں تک پانچ فیصد رقم زمین کے کرائے کے طور پر چارج کیا جائے گا اور پندرہ دنوں کے بعد 25 فیصد ادا کی گئی رقم اور ٹوکن منی ضبط کی جائے گی

4۔ نیلامی دی گئی تاریخ اور مقام کے مطابق بوقت ساڑھے گیارہ بجے کمیٹی کی سربراہی میں اہل بولی دہندہ گان کی موجودگی میں ہوگی۔ بولی دہندہ گان کو اپنے ساتھ ٹوکن منی (جس کا تذکرہ سیریل نمبر 1 میں کیا گیا ہے)، شناختی کارڈ کی کاپی، مکمل پتہ اور رابطہ نمبر زلانا ہوگا۔ بولی دہندہ گان کا داخلہ 10 بجے سے ہوگا اور گیارہ بجے گیٹ بند ہوگا۔

5۔ خواہشمند بولی دہندہ گان نیلامی کی تاریخ سے قبل دیے گئے مقام کے مطابق مذکورہ گاڑیوں کا معائنہ کرسکتے ہیں

6۔ گاڑی کے کاغذات کی دستیابی وغیرہ کے بارے میں معلومات بولی دہندہ گان کو موقع پر فراہم کی جائینگی۔

7۔ گاڑی کے دوبارہ رجسٹریشن کی مد میں آنے والے اخراجات کامیاب بولی دہندہ کو برداشت کرنے ہونگے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کو گاڑی پوری رقم کی ادائیگی کے بعد ہی حوالہ کی جائے گی۔

8۔ محکمہ ہذاء کی طرف سے نامزد کردہ کمیٹی کسی بھی گاڑی کی نیلامی سے قبل لسٹ سے منہا یا شامل کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے علاوہ ازیں پورے یا کسی بھی ٹینڈر کو قبول یا مسترد کرنے کا حق رکھتی ہے۔

9۔ کسی بھی تنازعے کی صورت میں کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

10۔ کسی بھی شک یا استفسار کو موقع پر دور کیا جاسکتا ہے بعد ازاں کسی بھی اعتراض پر عملدرآمد نہیں ہوگا اور اس بارے کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

سیکشن آفیسر، جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ

گلگت۔بلتستان

CamScanner